© rasailojaraid.com

**The Provision For Akhirah** [زادِ راہ] جلیل احسن ندوی، انگریزی ترجمہ: شمیم اے صدیقی۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی، ڈی ۳۵، بلاک ۵، فیڈرل بی ایریا، کراچی۔ صفحات: ۳۷۱۔ قیمت: ۱۴.۹۵ امریکی ڈالر۔

زیرِنظر کتاب جلیل احسن ندوی مرحوم کی مرتب کردہ احادیثِ نبویؐ کی کتاب زادِ راہ کا انگریزی زبان میں ترجمہ ہے۔ مترجم کی نظر میں: احادیثِ مبارکہ کے اس مجموعے کے ذریعے، اسلام کو جدید دنیا اور بالخصوص امریکی معاشرے میں، واحد طرزِ زندگی کے طور پر پیش کیا جاسکتا ہے، اور قارئین کو باور کرایا جاسکتا ہے کہ صرف اسلام ہی پریشان اور مصیبت زدہ انسانیت کو عدل وانصاف اور امن وامان مہیا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور وہی آخرت میں نجات کی ضمانت دلاتا ہے۔

مترجم نے کتاب کے دیباچے میں اسلامی تحریکوں کی کامیابی اور ناکامی پر بحث کی ہے۔ (بظاہر یہاں اس بحث کا محل نہیں ہے) ان کا خیال ہے کہ اسلامی تحریکوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسلوبِ دعوت اور طریق کار کو اپنانے میں کوتاہی کی ہے۔ ان کا خیال ہے کہ اسوۂ حسنہ کی روشنی میں موجودہ اسلامی تحریکات کو بھی جاہلی معاشروں سے اسی سانچے میں ڈھلے ہوئے افراد نکالنے ہوں گے۔ اور یہ کام ان کی ترجیحات میں سرِفہرست ہونا چاہیے۔ وہ کہتے ہیں کہ اسی مقصد کے پیشِ نظر میں نے زادِ راہ کو منتخب کیا۔ یہی جذبہ اسے انگریزی میں منتقل کرنے کا محرّک بنا ہے۔ انھیں امید ہے کہ معاشی، معاشرتی اور سیاسی بلکہ زندگی کے جملہ معاملات پر مشتمل، آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایات کا یہ مجموعہ، امریکا میں کارکنانِ تحریک کی کردار سازی، ان کے اہل وعیال کی زندگیوں میں اسلامی اصولوں کو پروان چڑھانے اور انھیں ذمہ دار شہری بنانے میں مددگار ہوگا۔ نیز یہ مجموعہ دعوتی کام میں گرم جوشی پیدا کرے گا۔

مؤلف نے زادِ راہ کے اردو ترجمے اور تفسیر میں ترجمانی کا اسلوب اپنایا ہے۔ مترجم نے اسے محنت کے ساتھ انگریزی زبان میں منتقل کرنے کی کوشش کی ہے، اگرچہ ترجمے کی زبان پر نظرثانی کی ضرورت ہے۔

ترجمے میں عربی زبان کی متعدد اصطلاحات کو برقرار رکھا گیا ہے۔ ہمارے خیال میں ان اصطلاحات کے انگریزی مترادفات بھی دینا ضروری تھا۔ یا ان کی وضاحت دیباچے میں ہوجاتی

© rasailojaraid.com